پاک گلف لیزنگ کمپنی لمیٹڈ

Pak-Gulf Leasing Company Limited

رجسٹرڈ پتہ: یونی برو ہاؤس، 114، 9 ایسٹ اسٹریٹ، ڈی ایچ اے فیز 01، ڈی ایچ اے، کراچی

ای میل: chairman@pakgulfleasing.com,companysecretary@pakgulfleasing.com

ویب سائٹ: https://www.pakgulfleasing.com/

بیلٹ پیپر

27 اکتوبر 2026ء ، بروز منگل، شام 4:30 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر/ ویڈیو لنک، یونی برو ہاؤس، گراؤنڈ اور میزانائن فلور، پلاٹ نمبر 114، 9th ایسٹ اسٹریٹ، فیز-I، ڈی ایچ اے، کراچی-75500 میں منعقد ہونے والے کمپنی کے 33 ویں سالانہ عام اجلاس میں بذریعہ ڈاک کے ذریعے ووٹ دینے کے لیے بیلٹ پیپر

چیئرمین کے رابطہ کی تفصیلات، جہاں مکمل طور پر پُر شدہ اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر ارسال کیا جاسکتا ہے: کمپنی کا رجسٹرڈ پتہ: یونی برو ہاؤس، گراؤنڈ اور میزانائن فلور، پلاٹ نمبر 114، 9th ایسٹ اسٹریٹ، فیز-I، ڈی ایچ اے، کراچی-75500

ای میل: chairman@pakgulfleasing.com؛ companysecretary@pakgulfleasing.com

شیئر ہولڈر/مشترکہ شیئر ہولڈرز کا نام	
رجسٹرڈ پتہ	
فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر موجودہ حصص کی تعداد	
CNIC / NICOP نمبر یا پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی شہری کی صورت میں) — نقل منسلک کی جائے	
اضافی معلومات اور منسلک دستاویزات (کارپوریٹ ادارہ، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں)	

میں/ہم بذریعہ پوسٹل بیلٹ درج ذیل قراردادوں کے حوالے سے اپنا/ اپنا حقِ رائے دہی استعمال کرتے ہوئے، ذیل میں دیے گئے موزوں خانے میں ٹک (✓) کا نشان لگا کر مذکورہ قرارداد/قراردادوں سے اپنی موافقت یا عدمِ موافقت کا اظہار کرتا/ کرتے ہوں۔ (اگر دونوں خانوں میں ٹک (✓) کا نشان لگا دیا جائے تو ایسا ووٹ مسترد شدہ تصور کیا جائے گا۔)

قراردادوں کی نوعیت اور تفصیل	میں/ہم قرارداد کے حق میں ہوں (FOR)	میں/ہم قرارداد کے خلاف ہوں (AGAINST)
1۔ خصوصی قرارداد (ایجنڈا نمبر 4) **قرارداد کی گئی کہ** کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق iii کو مکمل طور پر حذف کر دیا جائے اور اس کے متبادل کے طور پر درج ذیل شق شامل کی جائے، جو حسبِ ذیل پڑھی جائے گی: **میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق iii(1)** کمپنی کا بنیادی کاروبار قابلِ اطلاق قوانین، قواعد وضوابط، نوٹیفکیشنز، سرکلرز، ہدایات، شرائط وضوابط اور سیکیورٹیز ایند ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (جسے "کمیشن" کہا جائے گا) کی منظوریوں کے تابع، سرمایہ کاری سے متعلق مالیاتی خدمات اور دیگر ایسی غیر بینکاری مالیاتی سرگرمیوں سے متعلق تمام کاروبار اور سرگرمیاں انجام دینا ہوگا جنہیں کمپنی وقتاً فوقتاً انجام دے سکتی ہے۔ کمپنی اپنے کاروبار کو اس وقت نافذ العمل تمام قابلِ اطلاق قوانین، قواعد وضوابط کے مطابق انجام دے گی، جن میں، جہاں قابلِ اطلاق ہوں، نان بینکنگ فنانس کمپنیز (اسٹیبلشمنٹ اینڈ ریگولیشن) رولز، 2003ء، نان بینکنگ فنانس کمپنیز اینڈ نوٹیفائیڈ اسٹیفیر ریگولیشنز، 2008ء، بشمول وقتاً فوقتاً کی جانے والی ترامیم، متبادل دفعات یا ازسرِ نو نافذ کیے جانے والے قوانین و ضوابط، اور کمیشن کی جانب سے مقرر کردہ دیگر قابلِ اطلاق ضابطہ جاتی فریم ورک شامل ہوں گے۔ **میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق iii(2)** اس میمورنڈم کی دفعات اور قابلِ اطلاق قوانین وضابطہ جاتی تقاضوں کے تابع، کمپنی ایسے تمام قانونی کاروبار اور سرگرمیاں انجام دے سکتی ہے جو اس کے بنیادی مقاصد کے حصول کے لیے ضمنی، معاون یا موزوں ہوں، اور اس سلسلے میں ایسے تمام اقدامات، کارروائیاں اور تدابیر اختیار کر سکتی ہے جو ضروری یا موزوں ہوں۔ **میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق iii(3)** مندرجہ بالا مقاصد میں شامل کسی بھی امر کے باوجود، اس میمورنڈم کی کسی بھی شق کو اس مفہوم میں نہیں لیا جائے گا کہ وہ کمپنی کو براہِ راست یا بالواسطہ ایسا کوئی کاروبار یا سرگرمی انجام دینے کا اختیار یا اجازت دیتی ہے جسے کسی قابلِ اطلاق قانون یا ضابطہ جاتی تقاضے کے تحت کمپنی کے لیے ممنوع یا محدود قرار دیا گیا ہو، بالخصوص، کمپنی درج ذیل کاروبار انجام نہیں دے گی: (الف) بینکاری کمپنی (ب) مضاربہ مینجمنٹ کمپنی؛ (ج) انشورنس کمپنی؛ (د) سیکیورٹیز بروکر؛ یا (ہ) کوئی بھی ایسا کاروبار، سرگرمی یا اقدام جسے اس وقت نافذ العمل کسی قانون کے تحت ممنوع یا محدود قرار دیا گیا ہو، یا جسے کمیشن نوٹیفکیشن، ہدایت، ضابطے یا کسی اور طریقے سے کمپنی کے لیے ممنوع یا محدود قرار دے سکتا ہو۔ **میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق iii(4)** کمپنی درج ذیل امور انجام نہیں دے گی: (الف) کسی ایسے کاروبار یا سرگرمی کا آغاز، اجراء یا انعقاد نہیں کرے گی جس کے لیے کسی قابلِ اطلاق قانون کے تحت کسی منظوری، اجازت، رضامندی، لائسنس، رجسٹریشن، اختیار یا دیگر ضابطہ جاتی تقاضے کی پابندی لازم ہو، جب تک کہ متعلقہ مجاز اتھارٹی سے مذکورہ منظوری، اجازت، رضامندی، لائسنس، رجسٹریشن یا اختیار باقاعدہ طور پر حاصل نہ کر لیا جائے۔ (ب) اس میمورنڈم یا قابلِ اطلاق قانون کے تحت ممنوع قرار دیے گئے کسی کاروبار یا سرگرمی میں حصہ نہیں لے گی اور نہ ہی اس میں شریک ہوگی۔ (ج) کسی بھی ملٹی لیول مارکیٹنگ (MLM)، اہرامی اسکیم (pyramid scheme)، پونزی اسکیم (Ponzi) یا اس نوعیت کی کسی بھی مماثل یا متعلقہ اسکیم یا سرگرمی کا آغاز، انتظام، تشہیر، سہولت کاری یا اس میں شرکت نہیں کرے گی۔ (د) کسی قرعہ اندازی کے کاروبار کا آغاز، تشہیر یا انعقاد نہیں کرے گی، سوائے اس حد تک جس کی قابلِ اطلاق قانون کے تحت صراحتاً اجازت ہو اور جسے متعلقہ مجاز اتھارٹی کی جانب سے باقاعدہ طور پر منظور کیا گیا ہو؛ یا (ہ) ایسی کوئی دوسری سرگرمی انجام نہیں دے گی جسے کمیشن یا کسی دیگر مجاز ضابطہ جاتی اتھارٹی کی جانب سے ممنوع قرار دیا گیا ہو۔		
2۔ قرارداد کی گئی کہ کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق v کو مکمل طور پر حذف کر دیا جائے اور اس کے متبادل کے طور پر درج ذیل شق شامل کی جائے، جو حسبِ ذیل پڑھی جائے گی: **میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق v** کمپنی کا مجاز سرمایہ ایک ارب روپے 1,000,000,000 ہے، جو (ایک سو ملین) عام حصص میں منقسم ہے، جن میں سے ہر حصص کی مالیت 10 روپے ہے۔ **مزید قرارداد کی گئی کہ** کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ طور پر اور علیحدہ علیحدہ یہ اختیار اور مجاز حیثیت تفویض کی جاتی ہے کہ وہ وقتاً فوقتاً تمام ایسے اقدامات، دستاویزات اور کارروائیاں انجام دیں یا انجام دلوائیں جو ضروری ہوں یا درکار ہوں، تاکہ تمام ضروری قانونی اور کارپوریٹ رسمی کارروائیاں مکمل کی جا سکیں اور ان قراردادوں کو مؤثر بنایا جا سکے، بشرطیکہ کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن میں وہ تبدیلیاں یا ترامیم کی جائیں جو کمیشن کی جانب سے ضروری قرار دی جائیں۔		
3۔ خصوصی قرارداد (ایجنڈا نمبر 5) **قرارداد کی گئی کہ** کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 4 کو مکمل طور پر حذف کر دیا جائے اور اس کے متبادل کے طور پر درج ذیل شق شامل کی جائے، جو حسبِ ذیل پڑھی جائے گی: **آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کا آرٹیکل 4** کمپنی کا مجاز سرمایہ ایک ارب روپے 1,000,000,000 ہے، جو (ایک سو ملین) عام حصص میں منقسم ہے، جن میں سے ہر حصص کی مالیت 10 روپے ہے۔ کمپنی کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعات کے مطابق کمپنی کے سرمائے میں اضافہ کرنے یا اس کی تشکیلِ نو کرنے اور اس وقت موجود حصص کے سرمائے کو مختلف طبقات میں تقسیم کرنے کا اختیار حاصل ہوگا، جن میں عام حصص بھی شامل ہوں گے۔ **مزید قرارداد کی گئی کہ** کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں نظرِ ثانی شدہ قوانین، بشمول کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے مطابق مطلوبہ ترامیم شامل کی جائیں۔ **مزید قرارداد کی گئی کہ** کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ طور پر اور علیحدہ علیحدہ یہ اختیار اور مجاز حیثیت تفویض کی جاتی ہے کہ وہ وقتاً فوقتاً تمام ایسے اقدامات، دستاویزات اور کارروائیاں انجام دیں یا انجام دلوائیں جو ضروری ہوں یا درکار ہوں، تاکہ تمام ضروری قانونی اور کارپوریٹ رسمی کارروائیاں مکمل کی جا سکیں اور ان قراردادوں کو مؤثر بنایا جا سکے، بشرطیکہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں وہ تبدیلیاں یا ترامیم کی جائیں جو کمیشن کی جانب سے ضروری قرار دی جائیں۔		

_____

حصص یافتہ/حصص یافتگان، پراکسی ہولڈر یا مجاز نمائندے کے دستخط

(کارپوریٹ ادارے کی صورت میں)

مقام: _____

تاریخ: _____

نوٹ:

1۔ مکمل طور پر پُر شدہ بیلٹ پیپر مذکورہ بالا ڈاک کے پتے یا ای میل پتے پر، کمپنی سیکریٹری کی توجہ کے لیے، چیئرمین کو ارسال کیا جائے۔

2۔ بیلٹ کے ساتھ CNIC / NICOP یا پاسپورٹ کی نقل (غیر ملکی شہری کی صورت میں) لازماً منسلک کی جائے۔

3۔ بیلٹ 26 اکتوبر 2026ء کو یا اس سے قبل دفتری اوقات کے دوران اجلاس کے چیئرمین تک پہنچ جانا چاہیے۔ اس کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی بیلٹ ووٹنگ کے لیے قابلِ قبول نہیں ہوگا۔

4۔ بیلٹ پر موجود CNIC / NICOP درج دستخط سے مطابقت رکھتے ہونے چاہئیں۔

5۔ نامکمل، بغیر دستخط کے، غلط، مسخ شدہ، پھٹا ہوا، ناقابلِ شناخت، یا اوور رائٹنگ شدہ بیلٹ پیپر مسترد کر دیا جائے گا۔

6۔ کسی کارپوریٹ ادارے یا کارپوریشن کے نمائندے کی صورت میں، پوسٹل بیلٹ کے ساتھ مجاز شخص کے CNIC کی نقل کے مطابق بورڈ کی قرارداد، پاور آف اٹارنی یا مجاز نامہ کی باقاعدہ تصدیق شدہ نقل بھی منسلک کرنا ضروری ہوگا، بشرطیکہ مذکورہ دستاویزات پہلے ہی پراکسی کے ساتھ جمع نہ کرائی گئی ہوں۔

7۔ بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ https://www.pakgulfleasing.com/ پر بھی دستیاب کر دیا گیا ہے۔ اراکین کمپنی کی ویب سائٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں، یا اخبار میں شائع شدہ اصل/کاپی، یا انہیں ارسال/ بذریعہ ڈاک بھیجے گئے بیلٹ پیپر کو استعمال کر سکتے ہیں۔